پاکستان شاہینز بمقابلہ زمبابوے اے دوسرا چار روزہ میچ

- پاکستان شاہینز کی اننگز اور 41 رنز سے جیت

موتارے، 13 مئی 2023:

پاکستان شاہینز نے زمبابوے اے کو دوسرے چار روزہ میچ میں اننگز اور 41 رنز سے شکست دے کر دو میچوں کی سیریز دو صفر سے اپنے نام کر لی۔

میچ کے چوتھے دن زمبابوے اے کی ٹیم نے اپنی دوسری اننگز 238 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ پر دوبارہ شروع کی تو اسے اننگز کی شکست سے بچنے کے لیے مزید 78 رنز درکار تھے اور اس کی صرف 3 وکٹیں باقی تھی۔

میزبان ٹیم اپنے اسکور میں صرف 37 رنز کا اضافہ کر سکی اور پوری ٹیم 275 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ پاکستانی بولرز آخری تین وکٹیں 9اعشاریہ 3 اوورز میں حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے۔

زمبابوے کی دوسری اننگز میں وکٹ کیپر مایاوو نے نصف سنچری اسکور کی۔

پاکستان شاہینز کی طرف سے محمد علی نے 49 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔ شاہنواز دھانی نے 33 رنز اور عامر جمال نے 45 رنز دے کر دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

اس سے قبل پاکستان شاہینز پہلی اننگز میں 479 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی جبکہ زمبابوے اے کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 163 رنز بنا سکی تھی۔

پاکستان شاہینز کی اننگز کی خاص بات وکٹ کیپر بیٹسمین حسیب اللہ خان کی سنچری تھی۔

میچ کا مختصر اسکور۔

زمبابوے اے پہلی اننگز۔ 163 آل آؤٹ۔ مارومانی 66 ڈیون مائرز 50۔ محمد علی۔ 36/4 وکٹ۔ مہران ممتاز۔ 36/3 وکٹ۔ عامر جمال 51/3 وکٹ۔

زمبابوے اے دوسری اننگز 275 رنز۔ مایاوو 55۔ محمد علی 49/3 وکٹ

پاکستان شاہینز پہلی اننگز 479۔ حسیب اللہ خان 117۔ حسین طلعت 74۔ عمیر یوسف 65۔ محمد حریرہ 64۔ نیاؤنگی 125/5 وکٹ۔ چیوانگا 89/3 وکٹ

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficial